## سوال

کیا ھم نماز میں ثنا ، رکوع ، قومہ ، سجدہ ، جلسہ استراحت اور تشہد کی کئی طرح کی دعائیں جو صحیح احادیث سے ثابت ھیں ، ایک سے زیادہ دعا پڑھ سکتے ھیں ، کیونکہ ، ان کے ترجمے بہت ہی پیارے ھیں ؟ ؟ ازراہ کرم جواب دے کر رہنمائی کرہں ، اللہ آپ کو اجر عظیم عطا کرے گا ، شکر

## جواب

نماز میں متنوع دعائیں پڑھنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا ہم نماز میں ثناء ، رکوع ، قومہ ، سجدہ ، جلسہ استراحت اور تشہد کی کئی طرح کی دعائیں جو صحیح احادیث سے ثابت ہیں ، ایک سے زیادہ دعا پڑھ سکتے ہیں ، کیونکہ ان کے ترجمے بہت ہی پیارے ہیں ۔ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ ، أما بعد ! جو دعائیں نبی کریم ﷺ سے صحیح ثابت ہیں ، آپ ان میں سے ہر دعا کو اس کے موقعے پر پڑھ سکتے ہیں ۔ لیکن اس میں یہ ملحوظ خاطر رہے کہ جو دعائیں ایک ایک کر کے ثابت ہیں ، انہیں اکیلا اکیلا ہی پڑھا جائے ۔ مثلا سجدہ میں نبی کریم ﷺ سے متعدد صحیح دعائیں ثابت ہیں تو آپ ایک ہی سجدہ میں ساری دعائیں پڑھنے کی بجائے مختلف سجدوں میں مختلف دعائیں پڑھ سکتے ہیں ۔ مثلا ایک سجدے میں ایک دعا پڑھ لی تو دوسرے میں دوسری پڑھ لی ۔ نیز یاد رہے کہ یہ متنوع قسم کی ادعیہ الگ الگ ہی نبی کریم ﷺ سے ثابت ہیں ، ایک حدیث میں ایک دعا کا تذکرہ ہے تو دوسری میں دوسری مذکور ہے ۔ ہاں البتہ اگر کسی حدیث سے یہ ثابت ہو جائے کہ آپ ﷺ نے دو دعائیں ایک ہی جگہ پڑھی ہوں تو پھر وہ دو دعائیں اکٹھی پڑھی جا سکتی ہیں ، ورنہ پہلا طریقہ ہی قرین صواب نظر آتا ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث